## سکھر سے طالبان کے دہشت گرد کی گرفتاری الطاف حسین کے موقف کی سچائی ہے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی ۔۔۔ 31اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے سکھر کے ببرلو بائی پاس سے کالعدم تحریک طالبان کے اہم رہنما کی اسلحہ وگولہ بارودسمیت گرفتاری کو طالبانائزیشن کے حوالے سے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے موقف کی سچائی قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی سمیت سندھ کے مختلف علاقوں سے طالبان کے دہشت گردوں اور رہنماؤں کی خودکش جیکٹوں، جدیداسلحہ وگولہ بارود، راکٹ لانچروں سمیت گرفتاریوں کی متعدد کارروائیوں کے بعد اس بات میں کسی قسم کے شک وشبہ کی گنجائش باقی نہیں رہ جاتی کہ جناب الطاف حسین ہی سندھ دھرتی کے سچے سپوت ہیں اور امن اور آشتی کی سرزمین کو دہشت گردی ،فرقہ واریت اور انتہاء پسندی سے پاک دیکھنا چاہتے ہیں اور اس سلسلے میں سندھ سمیت ملک بھر کے چپے چپے میں طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش سے عوام کو عملی طورآگاہ کرتے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش کا پردہ برسوں قبل ہی چاک کردیا تھا لیکن حب الوطنی کی دعویدار نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں نے طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش کے انکشافات پر جناب الطاف حسین کے خدشات اور تحفظات کو واویلا قرار دیا اور اس حوالے سے من گھڑت الزامات عائد کئے۔انہوں نے کہا کہ وقت اور حالات قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے طالبانائزیشن کی گھاؤنی سازش کا پردہ اب خود چاک کررہے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ ان نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کے عمل وکردار کو بھی ظاہر کررہے ہیں جو وہ طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش پر خاموشی کا مظاہرہ کرکے اور اس سے صریحاً انکار کرکے کرتی رہی ہیں۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ سندھ اور اس کے دارالخلافہ کراچی سے طالبان کے دہشت گردوں اور رہنماؤں کی اسلحہ وگولہ بارودسمیت متعدد گرفتاریوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے، دہشت گردی کے نیٹ ورک کے خاتمے کیلئے جدید اور سائنسی آلات کا استعمال کیا جائے،عوام کی جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جائے اور سندھ اور کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کے خاتمے کیلئے مزید مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## جناح پورنقشہ کی گھناؤنے الزام کا مقصد ایم کیوایم کی حب الوطنی کو مشکوک بنا کر اسے غدار وطن قرار دینا تھا،پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی

کراچی ۔۔۔ 31،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم پر جناح پورنقشہ کی گھناؤنی سازش کے الزام کا مقصد اس کی حب الوطنی کو مشکوک بنا کر اسے غدار وطن قرار دینا تھا۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کسی بھی جمہوری ملک میں محبّ وطن جماعت کی حب الوطنی کو غداری میں تبدیل کرکے اس پر ظلم وستم ڈھانے سے بڑا جرم اور کوئی نہیں ہوسکتا۔انہوں نے کہا کہ 19، جون 1992ء کو ایم کیوایم کے خلاف ریاستی آپریشن کا آغاز اور جناح پورنقشہ کی برآمدگی کا گھناؤنا ڈرامہ رچا کر ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان کو ماورائے عدالت قتل کردیا گیا، گھر گھر ظلم کے پہاڑ توڑے گئے اور حد تو یہ ہے کہ شہداء کے جنازے بھی اٹھانے کی اجازت نہیں دی گئی اور ان کے جنازے ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ خواتین نے اٹھائے اور ان کی تدفین کی۔انہوں نے کہا کہ ان تمام مظالم کے باوجود آج بھی قائدتحریک جناب الطاف حسین نے حب الوطنی کا مظاہرہ کیا اور اپنے بھائی اور بھتیجے کا خون معاف کردیا اور آج ایم کیوایم کے حق میں رائے عامہ ہوتے ہوئے بھی جناب الطاف حسین ملک کے نازک ترین حالات کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اور ملک کی سالمیت کو درپیش خطرات کو پیش نظر رکھتے ہوئے ماضی کی طرح حب الوطنی کی سیاست کررہے ہیں اور ملک کے استحکام اور سالمیت کو ترجیح دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جوعناصر اب بھی ایم کیوایم کی حب الوطنی کو مشکوک بنانے کی کوششوں میں مصروف ہیں وہ سچ پرمبنی حقائق کو منظر عام پر آنے سے نہیں روک سکتے۔پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ جناح پور کا نقشہ ڈھونگ ثابت ہونے سے واضح ہوگیا کہ ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو ملک بھر اور بالخصوص پنجاب میں پھیلنے سے روکنے کیلئے یہ بھونڈا الزام عائد کیا گیا اور اب پنجاب سمیت ملک بھر کے عوام صرف ایم کیوایم کو سچی اور محبّ وطن جماعت کے طور پر تسلیم کرتے ہیں۔

## 92ء کےفوجی آپریشن کا مقصد ایم کیوایم کے پیغام کو پھیلنے سے روکنا اور جناح پورنقشہ کا ڈرامہ قوم میں نفاق پیدا کرنے کی سازش تھی

### ڈاکٹرعبدالقادرخانزادہ کا گریجویٹ فورم کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔31،اگست 2009ء

گریجویٹ فورم کے صدر اور حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹرعبدالقادرخانزادہ نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کے خلاف جون 92ء کےفوجی آپریشن کا مقصد ایم کیوایم کے پیغام کو روکنا اور جناح پور کی نقشہ کی برآمدگی کی سازش کا ڈرامہ قوم میں نفاق پیدا کرنے کی گھناؤنی سازش تھی، سچ کو آنچ نہیں الحمداللہ آج 17 سال بعد ہی سہی ایم کیوایم کیخلاف کی جانیوالی بڑی سازش کا پردہ فاش ہوگیا اور قائدتحریک الطاف حسین ایک اور امتحان میں سرخرو ہوگئے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز گریجویٹ فورم کے ایک اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔گریجویٹ فورم کا اجلاس گزشتہ روز فورم کے صدر ڈاکٹرعبدالقادرخانزادہ کی صدارت میں ہوا جس میں پروفیسرز،انجینئرز،ڈاکٹرز،وکلاء اور اساتذہ کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی اور سابق فوجی افسران کی جانب سے جناح پور کے نقشے کی سازش کا راز فاش ہونے پر قائدتحریک الطاف حسین کو دلی مبارکباد پیش کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے فورم کے صدر ڈاکٹرعبدالقادرخانزادہ نے کہا کہ ایم کیوایم کیخلاف 1992ء میں فوجی آپریشن کی بنیادی وجہ قائدتحریک الطاف حسین کے فلسفے اور نظریئے کو پورے پاکستان میں پھیلنے سے نہ صرف روکنا تھا بلکہ جناح پور کے نقشے کی برآمدگی کا جھوٹا ڈرامہ کرکے قوم میں نفاق پیدا کرنے کی سازش کی گئی تاکہ ایم کیوایم کو تنہا کرکے صفحہ ہستی سے مٹایا دیا جائے جس میں ملٹری،بیوروکریسی،پولیٹیکل بیوروکریسی اور سول بیوروکریسی نے ملکر ایم کیوایم کے پندرہ ہزار سے زائد کارکنوں کو بیدردی سے شہید کردیا۔انہوں نے مزید کہا کہ جس قوم کے آباؤاجداد نے پاکستان کے قیام کیلئے 20 لاکھ جانوں کا نذانہ پیش کیا تھا اسی قوم کو ملک کا غدار قرار دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ 17 سال بعد بریگیڈیرّ (ر)امتیاز،جنرل(ر)نصیراختر،چوہدری شجاعت حسین اور سابق آئی جی پنجاب سرداراحمد کے انکشافات حق و سچ کی فتح ہے۔آخر میں فورم کی جانب سے تمام شرکاء نے ایم کیوایم کے حق میں متفقہ طور پر قراردادیں منظور کیں۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کی سابق انچارج محترمہ شاذیہ عابدکی والدہ محترمہ جہاں آراء عابدکی علالت پر ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کا اظہارتشویش

### کارکنان اور ہمدرد محترمہ جہاں آراء عابدکی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔31 اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شعبہ خواتین کی سابق انچارج محترمہ شاذیہ عابدکی والدہ محترمہ جہاں آراء عابدکی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ محترمہ جہاں آراء کو صحت کاملہ عطا کرے اور ان کی عمر دراز فرمائے۔جناب الطاف حسین نے کارکنوں اور ہمدردوں سے اپیل کی کہ وہ محترمہ جہاں آراء عابدکی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔

## بارش کے دوران کرنٹ لگنے سے متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔31اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گزشتہ روز بارشوں کے دوران کرنٹ لگنے سے متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر ریلوے کالونی یونٹ کے جوائنٹ یونٹ انچارج سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔31،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ ریلوے کالونی کے جوائنٹ یونٹ انچارج عرفان اللہ کے والد عبدالرشیداللہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆